روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعرات 17 جنوری 2002ء 2 ذی قعد 1422 ہجری - 17 صلح 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 15

## آخری پیغام

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ جان کنی کے عالم میں آنحضرت ﷺ کا آخری پیغام اور نصیحت یہ تھی

الصلوٰۃ و ماملکت ایمانکم

نمازاور غلاموں کے حقوق کا خیال رکھنا

(سنن ابن ماجه کتاب الوصایا باب هل اوصی رسول اللّٰہ حدیث نمبر 2689)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نماز خدا کا حق ہے اسے خوب ادا کرو اور خدا کے دشمن سے مداہنہ کی زندگی نہ برتو - وفا اور صدق کا خیال رکھو- اگر سارا گھر غارت ہوتا ہو تو ہونے دو مگر نماز کو ترک مت کرو- وہ کافر اور منافق ہیں جو کہ نماز کو منحوس کہتے ہیں اور کہا کرتے ہیں کہ نماز کے شروع کرنے سے ہمارا فلاں فلاں نقصان ہوا ہے- نماز ہرگز خدا کے غضب کا ذریعہ نہیں ہے- جو اسے منحوس کہتے ہیں ان کے اندر خود زہر ہے جیسے بیمار کو شیرینی کڑوی لگتی ہے ویسے ہی ان کو نماز کا مزا نہیں آتا- یہ دین کو درست کرتی ہے- اخلاق کو درست کرتی ہے دنیا کو درست کرتی ہے- نماز کا مزا دنیا کے ہر ایک مزے پر غالب ہے- لذّات جسمانی کے لئے ہزاروں خرچ ہوتے ہیں اور پھر ان کا نتیجہ بیماریاں ہوتی ہیں اور یہ مفت کا بہشت ہے جو اسے ملتا ہے- قرآن شریف میں دو جنتوں کا ذکر ہے ایک ان میں سے دنیا کی جنت ہے اور وہ نماز کی لذت ہے-

نماز خواہ نخواہ کا ٹیکس نہیں ہے بلکہ عبودیت کو ربوبیت سے ایک ابدی تعلق اور کشش ہے- اس رشتہ کو قائم رکھنے کے لئے خدا تعالیٰ نے نماز بنائی ہے اور اس میں ایک لذّت رکھ دی ہے جس سے یہ تعلق قائم رہتا ہے- جیسے لڑکے اور لڑکی کی جب شادی ہوتی ہے اگر ان کے ملاپ میں ایک لذت نہ ہو تو فساد ہوتا ہے- ایسے ہی اگر نماز میں لذت نہ ہو تو وہ رشتہ ٹوٹ جاتا ہے- دروازہ بند کر کے دعا کرنی چاہئے کہ وہ رشتہ قائم رہے اور لذت پیدا ہو- جو تعلق عبودیت کا ربوبیت سے ہے وہ بہت گہرا اور انوار سے پُر ہے جس کی تفصیل نہیں ہو سکتی- جب وہ نہیں ہے تب تک انسان بہائم ہے- اگر دو چار دفعہ بھی لذت محسوس ہو جائے تو اس چاشنی کا حصہ مل گیا' لیکن جسے دو چار دفعہ بھی نہ ملا وہ اندھا ہے (-) آئندہ کے سب وعدے اسی سے وابستہ ہیں- ان باتوں کو فرض جان کر ہم نے بتلا دیا ہے-

(ملفوظات جلد سوم ص 592)

نماز سے بڑھ کر اور کوئی وظیفہ نہیں ہے کیونکہ اس میں حمد الٰہی ہے- استغفار ہے اور درود شریف- تمام وظائف اور اوراد کا مجموعہ یہی نماز ہے اور اس سے ہر قسم کے غم و ہم دُور ہوتے ہیں اور مشکلات حل ہوتی ہیں- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اگر ذرا بھی غم پہنچتا تو آپ نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے اور اسی لئے فرمایا ہے (-) اطمینان و سکینت قلب کے لئے نماز سے بڑھ کر اور کوئی ذریعہ نہیں-

(ملفوظات جلد سوم ص 310)

## "فضل عمر ہسپتال ربوہ کے نادار مریضوں کے لئے عطیات کی تحریک"

فضل عمر ہسپتال نادار اور مستحق افراد کو مفت علاج و معالجہ فراہم کرنے میں سرگرم عمل ہے- ہر سال ہزاروں افراد اس سہولت سے استفادہ کرتے ہیں- ملک میں مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے غریب اور مستحق افراد کا علاج و معالجہ کروانا ان کے بس میں نہیں رہا اور دوسری طرف ادویات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ سے اس سہولت کو فراہم کرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے-

مخیر احباب کی خدمت میں دردمندانہ درخواست ہے کہ وہ اس مد میں دل کھول کر اپنے عطیات پیش کریں تاکہ ہسپتال میں آنے والا کوئی بھی مریض بغیر علاج معالجہ کے واپس نہ لوٹایا جائے- خدا تعالیٰ آپ کے اموال میں بے شمار برکتیں نازل فرمائے-

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## مقابلہ بین العلاقہ اطفال الاحمدیہ پاکستان

2000-2001ء

اول: علاقہ گوجرانوالہ
دوم: علاقہ لاہور
سوم: علاقہ کراچی
چہارم: علاقہ آزاد کشمیر
پنجم: علاقہ حیدر آباد
ششم: علاقہ سرگودھا

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

## ماہر امراض نفسیات کی آمد

مورخہ 27-1-02 بروز اتوار مکرم ڈاکٹر اعجاز الرحمٰن صاحب ماہر امراض نفسیات فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ فرمائیں گے- ضرورت منداحباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنا نمبر حاصل کر لیں-

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

# عرفانِ حدیث

نمبر 98

مرتبہ: عبدالسمیع خان

## عبد شکور

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ راتوں کو اتنا لمبا قیام کرتے تھے کہ آپؐ کے پاؤں پھٹ جایا کرتے تھے۔ میں نے عرض کی آپ ایسا کیوں کرتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی اگلی پچھلی خطائیں معاف کر دی ہیں تو فرمایا اے عائشہ کیا میں ایک شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ (صحیح مسلم کتاب صفة القیامه باب اکثار الاعمال حدیث نمبر 5046)

**حضرت خلیفة المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں۔**

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض دفعہ راتوں کو اتنا لمبا عرصہ تک کھڑے رہتے تھے کہ تتفطر قدماہ آپ کے پاؤں پھٹ جایا کرتے تھے خون کے دباؤ کی وجہ سے۔ میں نے عرض کی کہ لم تصنع ھذا آپ کیوں ایسا کرتے ہیں اے اللہ کے رسولؐ جبکہ (۔) آپ کے متعلق تو خدا تعالیٰ نے یہ وعدہ فرما دیا ہے کہ سابقہ تمام غفلتیں بھی معاف ہوئیں اور آئندہ بھی اگر کوئی غفلت ہوئی تو معاف ہو گی۔ اتنے یقینی مغفرت کے وعدے کے بعد پھر آپ کیوں کرتے ہیں۔ قال افلا احب ان اکون عبدا شکورا کیا میں پسند نہ کروں کہ اتنے بڑے فضل کے نتیجے میں ایک شکر گزار بندہ بنوں۔

عجیب حال ہے اور ہم میں سے اکثر وہ ہیں جو دن رات اللہ کے فضلوں کی بارش کو دیکھتے ہیں اور شاذ کے طور پر شکر کی توفیق ملتی ہے۔ منہ سے الحمد للہ بھی کہتے ہیں' اللہ کا شکر ہے' بھی بار بار کہہ دیتے ہیں مگر کہاں یہ شکر' کہاں شکر کے نتیجے میں راتوں کو جگا دینا۔ ایسا شکر ادا کرنا کہ آسمان کے کنگرے بھی ہل جائیں اور وہ شکر پھر اللہ کی نعمتوں کو آپ پر آسمان سے نازل فرما رہا ہو۔ یہ وہ شکر ہے جس کا نمونہ پکڑیں اور ایسے شکر کے بغیر حقیقت میں ہم دنیا میں کسی کامیابی کی امید نہیں رکھ سکتے۔ لیکن یاد رکھیں جتنا شکر کریں گے اتنا ہی زیادہ اللہ کی رحمتیں نازل ہوں گی' جتنا رحمتیں نازل ہوں گی دعا کرتے رہیں کہ اتنا ہی زیادہ شکر کی توفیق ملتی رہے۔

روزنامہ الفضل 5 اکتوبر 98ء

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## سوموار 21 جنوری 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | اردو کلاس |
| 1-10 a.m | ینگ لجنہ اور ناصرات سے ملاقات |
| 2-10 a.m | ہماری کائنات |
| 2-35 a.m | درس القرآن |
| 4-15 a.m | سفر ہم نے کیا |
| 4-30 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 a.m | تلاوت۔خبریں۔درس ملفوظات |
| 5-45 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 6-20 a.m | چلڈرنز ورکشاپ |
| 7-00 a.m | دستاویزی پروگرام |
| 8-00 a.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 8-40 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 9-40 a.m | چائنیز سیکھئے |
| 10-05 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-05 a.m | تلاوت۔خبریں۔درس ملفوظات |
| 12-00 p.m | مشاعرہ |
| 12-50 p.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 1-30 p.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 1-55 p.m | لقاء مع العرب |
| 2-50 p.m | انڈونیشین سروس |
| 3-50 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 4-30 p.m | چائنیز سیکھئے |
| 5-00 p.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-30 p.m | بنگالی پروگرام |
| 6-30 p.m | فرانسیسی پروگرام |
| 7-30 p.m | درس ملفوظات |
| 7-55 p.m | دستاویزی پروگرام |
| 8-55 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-30 p.m | چائنیز سیکھئے |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت |
| 11-15 p.m | فرانسیسی پروگرام |

## منگل 22 جنوری 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-15a.m | لقاء مع العرب |
| 1-10 a.m | مشاعرہ |
| 2-00 a.m | مجلس عرفان |
| 3-00 a.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 3-40 a.m | دستاویزی پروگرام |
| 5-05 a.m | تلاوت۔درس حدیث۔خبریں |
| 5-55 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 6-20 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 6-50 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 7-55 a.m | طب کی باتیں |
| 8-20 a.m | بنگالی ملاقات |
| 9-20 a.m | فرانسیسی سیکھئے |
| 9-45 a.m | اردو کلاس |
| 11-05 a.m | تلاوت۔خبریں۔درس حدیث |
| 11-50 a.m | پشتو پروگرام |
| 12-50 p.m | طب کی باتیں |
| 1-15 p.m | سفر ہم نے کیا |
| 1-55 p.m | اردو کلاس |
| 3-05 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-05 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 4-30 p.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 p.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-35 p.m | بنگالی پروگرام |
| 6-35 p.m | بنگالی ملاقات |
| 7-35 p.m | درس حدیث |
| 7-55 p.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-30 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت |
| 11-15 p.m | فرانسیسی پروگرام |

## بدھ 23 جنوری 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | اردو کلاس |
| 1-00 a.m | ایم ٹی اے ناروے |
| 1-35 a.m | طب کی باتیں |
| 3-00 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 4-05 a.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 4-25 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 a.m | تلاوت۔خبریں۔تاریخ احمدیت |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 6-15 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 7-00 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 8-05 a.m | پیرہن |
| 8-40 a.m | اطفال کی حضور سے ملاقات |
| 9-35 a.m | اردو اسباق |
| 10-00 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-05 a.m | تلاوت۔خبریں۔تاریخ احمدیت |
| 12-00 p.m | سواحیلی درس حدیث |
| 1-10 p.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 2-00 p.m | لقاء مع العرب |
| 3-00 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-00 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 4-35 p.m | اردو اسباق |
| 5-05 p.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-30 p.m | بنگالی پروگرام |

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# کانوں کی بیماریاں اور ان کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی کتاب ہومیوپیتھی علاج بالمثل سے اقتباسات

ہومیوڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

### ایکونائٹ
### Aconite

سردی کی وجہ سے اچانک کان میں شدید درد شروع ہوجائے۔ تو بھی یہ دوا فوری اثر دکھاتی ہے۔(ص13)

### ایتھوزا
### Aethusa

کانوں میں درد ہوتا ہے اور گرم پانی نکلنے کا احساس ہوتا ہے، پھنکارنے کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ (ص26)

### ایگریکس
### Agaricus

ایگریکس میں اعصابی کمزوری سے بسا اوقات بہرہ پن پیدا ہوجاتا ہے ٹھنڈی ہوا لگنے سے کانوں میں درد، سرخی اور جلن کا احساس ہوتا ہے۔(ص30)

### امونیم کارب
### Ammonium Carb

کانوں سے بدبودار مواد رسنے لگے تو امونیم کارب ضرور ذہن میں آنی چاہئے۔ کانوں کی مزمن بیماریوں میں یہ بہت مفید ہے۔ اس کی بو میں مردہ چیز کی عفونت پائی جاتی ہے کیونکہ اس کی بیماریوں میں نظام حیات درھم برھم ہوجاتا ہے اور اعضاء کے ماؤف حصے تیزی سے مرنے لگتے ہیں کان کے اندر بھی اسی وجہ سے بدبودار پیپ بن کر جھلیوں کو کھانے لگتی ہے۔ موت کے ساتھ عفونت وابستہ ہے یہ ایک خاص قسم کی بو ہوتی ہے جو دوسری عام بدبوؤں سے بہت ہی مختلف ہوتی ہے۔ کان کے ایسے مریضوں میں مستقل علاج کے لئے امونیم کارب کام آئے گی۔(ص59)

### پلسٹیلا
### Pulsatilla

اگر اچانک شدید درد شروع ہوجائے اور مریض سخت بے چین ہو تو پلسٹیلا اللہ کے فضل سے فوری فائدہ پہنچاتی ہے بشرطیکہ اس کے مزاج میں نرمی پائی جاتی ہو اور رونے کی طرف رجحان ہو...... خون کا دباؤ زیادہ نمایاں ہو اور درد کے ساتھ سرخی اور تمتماہٹ بھی ہو تو پلسٹیلا کے ساتھ بیلاڈونا 30 بھی ملالینی چاہئے۔ (ص59)

### کیمومیلا
### Chamomilla

اگر کان کے درد کے ساتھ مزاج سخت برہم ہو جائے تو کیمومیلا کو اولیت حاصل ہے اور اگر نزلہ کان کی طرف منتقل ہونے سے درد کا تعلق ہو تو ایلیم سیپا چوٹی کی دوا ہے۔ (ص59)

کیمومیلا کی تکلیفیں نیٹرم میور کی طرح صبح نو بجے زیادہ ہوجاتی ہیں۔ بعض اوقات رات کو نو بجے بھی علامات تیز ہوجاتی ہیں۔ مریض کے کانوں میں شور کی آوازیں آتی ہیں۔ پٹاخے بجتے ہیں اور کان ہوا کے جھونکوں کے لئے بہت حساس ہوجاتے ہیں اور تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔ ویسے مریض کھلی ہوا کو پسند کرتا ہے لیکن کانوں کو ڈھانپ کر باہر نکلتا ہے۔ جو لوگ عام طور پر مفلر باندھ کر باہر نکلتے ہیں وہ یا تو بہت سردی محسوس کرتے ہیں یا ویسے ہی ہوا سے نفرت کرتے ہیں لیکن کیمومیلا کا مریض اس سے مختلف ہے۔ وہ صرف کان کو ہوا سے بچانا چاہتا ہے چہرہ نہیں ڈھانپتا۔(ص272)

کیمومیلا کو کان کے درد میں بہت اونچا مقام حاصل ہے اس میں عموماً تین دوائیں روزمرہ کام آتی ہیں۔ اگر بچہ درد سے روئے لیکن اس کے رونے میں نرمی اور بے چارگی پائی جائے تو پلسٹیلا (Pulsatilla) اور اگر رونے کے ساتھ انتہائی غصہ ہو تو کیمومیلا اور یہ دونوں علامتیں نمایاں نہ ہوں۔ تو بسا اوقات ایلیم سیپا کام آتی ہے۔(ص273)

### آرم میٹ
### Aurum Metallicum

آرم میٹ کان کے زخموں میں بھی مفید ہے۔ کان کی بیرونی ہڈیوں سے تکلیف شروع ہوکر کان کے اندر منتقل ہوجاتی ہے اور باریک ہڈیوں کے جال کو متاثر کرتی ہے۔ جس سے کان کے اندر تعفن پیدا ہوکر بدبودار مواد خارج ہونے لگتا ہے۔(ص114)

### آرم میور
### Aurum Muriaticum

آرم میور میں موسیقی سننے سے تکلیفوں کو آرام ملتا ہے اس علامت کا تعلق کانوں سے ہے کان کی تکلیفوں کو موسیقی سے آرام آئے تو پھر یہ دوا مفید ہوگی۔ رات کو کان کے پیچھے جلن اور خارش ہوتی ہے۔(ص117)

### برائیٹا کارب
### Baryta Carb

برائیٹا کارب کا کان کے درد سے بھی تعلق ہے۔ اگر یہ درد مزمن ہوجائے تو بعض دفعہ نزلے کے آثار نہیں بھی ہوتے۔ لیکن پھر بھی کان میں درد ہوتا رہتا ہے اگر اس کے ساتھ کان میں بوجھ بھی محسوس ہو تو برائیٹا کارب بہت اچھی دوا ہے۔(ص130)

### کلکیریا کارب
### Calcarea Carb

اگر کان کا مواد زرد رنگ کا ہو تو کلکیریا کارب کے دوا ہونے کا امکان اور بھی بڑھ جاتا ہے کان کے پردوں میں پیدا ہونے والی کمزوری یا آہستہ آہستہ ظاہر ہونے والا بہرہ پن جس میں کان رفتہ رفتہ آوازوں کی تمیز کرنا چھوڑ دیتا ہے کلکیریا کارب کا تقاضا کرتا ہے بعض اور دوائیں بھی مثلاً چینوپوڈیم (Chenopodium) مفید ثابت ہوسکتی ہے۔(ص196)

### کلکیریا فلور
### Calcarea Fluor

کانوں کے پردوں میں سختی پائی جائے۔ کانوں میں گھنٹیاں بجتی ہوں، کان بہتے ہوں اور ناک کے پچھلے حصہ کے غدود جو گلے کے جوڑ سے ملتے ہیں بڑھ جائیں تو ان کیلئے کلکیریا فلور کے علاوہ برائیٹا کارب بھی اچھی ثابت ہوتی ہے لیکن جو غدود آہستہ آہستہ بڑھ کر پتھر کی طرح سخت ہوجائیں ان کی سب سے اہم دوا کلکیریا فلور ہی ہے۔(ص200)

### کلکیریا آئیوڈائیڈ
### Calcarea Iodide

عام طور پر بچوں اور بعض دفعہ بڑوں میں ناک اور کان کی اندرونی جھلیاں پھول جاتی ہیں اور چھوٹی چھوٹی تھیلیاں سی بن جاتی ہیں۔ اگر ناک میں ایسی علامتیں پیدا ہوجائیں تو مریض بہت خراٹے لینے لگتا ہے۔ ایسی صورت میں کلکیریا آئیوڈائیڈ بہت کارآمد بتائی جاتی ہیں لیکن 30 طاقت میں اسے دو تین ماہ تک استعمال کرنا چاہئے۔ غدود موٹے ہوجائیں تو ایک دم چھوٹے نہیں ہوسکتے۔(ص203)

### کلکیریا سلف
### Calcarea Sulph

بڑی عمر میں کانوں میں ہر طرح کی آوازیں آنے لگیں تو بھی یہ دوا مفید ہے۔(ص212)

کان سے بھی خون کی آمیزش کے ساتھ رطوبت نکلتی ہے۔(ص213)

### کاربو اینیمیلس
### Carbo Animalis

سماعت کی خرابی میں بھی یہ اچھا کام کرتی ہے۔ بسا اوقات دونوں کانوں کی قوت سماعت بگڑ جاتی ہے۔ سماعت میں آوازوں کی پہچان نہیں رہتی۔ آواز کی سمت کا تعین کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ سماعت پر اثر انداز ہونے والی نمایاں دواؤں میں چینوپوڈیم (Chinopodium) بھی شامل ہے۔ اگر اعصابی کمزوری پیدا ہوجائے یا رطوبتوں کے لمبے عرصہ تک جمے رہنے سے کان بند ہوجائیں تو چینوپوڈیم دوا ہوسکتی ہے۔ اسے 30 طاقت یا 200 طاقت میں دو تین مہینے استعمال کرتے رہنا چاہئے۔ بعض دفعہ ایسے مریض کو اچانک فائدہ محسوس ہوتا ہے اور اس سے پہلے کان میں بار بار جھٹکے آنے لگتے ہیں۔(ص239)

### کاربوویج
### Carboveg

کانوں سے سخت بدبودار مادے خارج ہوتے ہیں جو عموماً کسی گہری انفکشن اور بخار کے نتیجہ میں نکلتے ہیں۔(ص246)

### کاربونیم سلف
### Carboneum Sulphuratum

کاربونیم سلف میں کان سے بدبودار مواد نکلتا ہے جس میں خون کی آمیزش بھی ہوتی ہے۔ قوت سامعہ کمزور ہوجاتی ہے۔ کانوں میں گھنٹیاں بجنے کی آواز آتی ہے۔ کانوں کی تکلیف کی وجہ سے چکر آتے ہیں۔ (ص253)

### چینوپوڈیم
### Chino Podium

چینوپوڈیم کے اکثر مریض بعض آوازوں کو بآسانی سن لیتے ہیں اور بعض کو بالکل نہیں سن سکتے۔ مثلاً مردوں کی آوازیں سنائی نہیں دیتیں لیکن عورتوں اور بچوں کی آوازیں وہ سن لیتے ہیں۔ کیونکہ انہیں موٹی آوازیں کم سنائی دیتی ہیں جب کہ باریک آوازیں وہ سن سکتے

# لعل تاباں

نمبر 30

مرتبہ: فخر الحق شمس

## اللہ پر نگاہ رکھو

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ جبکہ میں سواری پر آنحضرت ﷺ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا تو آپ نے فرمایا میں تجھے چند باتیں بتاتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ کا خیال رکھ اللہ تعالیٰ تیرا خیال رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ پر نگاہ رکھ تو اسے اپنے پاس پائے گا۔ جب کوئی چیز مانگنی ہو تو اللہ تعالیٰ سے مانگ۔ اگر مدد چاہئے تب بھی خدا سے طلب کر۔

(جامع ترمذی کتاب صفة القيامه)

## ایک ذرا سی بات

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’تکبر اور شرارت بری بات ہے۔ ایک ذرا سی بات سے ستر برس کے عمل ضائع ہو جاتے ہیں۔ لکھا ہے کہ ایک شخص عابد تھا وہ پہاڑ پر رہا کرتا تھا اور مدت سے وہاں بارش نہ ہوئی تھی۔ ایک روز بارش ہوئی تو پتھروں اور روڑیوں پر بھی ہوئی تو اس کے دل میں اعتراض پیدا ہوا کہ ضرورت تو بارش کی کھیتوں اور باغات کے واسطے ہے یہ کیا بات ہے کہ پتھروں پر ہوئی یہی بارش کھیتوں پر ہوتی تو کیا اچھا ہوتا۔ اس پر خدا تعالیٰ نے اس کا سارا ولی پن چھین لیا۔ آخر وہ بہت سا غمگین ہوا اور کسی اور بزرگ سے استمداد کی تو آخر اس کا پیغام آیا کہ تو نے اعتراض کیوں کیا تھا۔ تیری اس خطا پر عتاب ہوا ہے۔ اس نے کسی سے کہا کہ ایسا کر کہ میری ٹانگ میں رسہ ڈال کر پتھروں پر گھسیٹتا پھر۔ اس نے کہا ایسا کیوں کروں؟ اس عابد نے کہا جس طرح میں کہتا ہوں اسی طرح کرو آخر اس نے ایسا ہی کیا یہاں تک کہ اس کی دونوں ٹانگیں پتھروں پر گھسیٹنے سے چھل گئیں۔ تب خدا نے فرمایا کہ اب بس کر اب معاف کر دیا...... انسان کو چاہئے کہ کبھی خدا تعالیٰ پر اعتراض نہ کرے۔‘‘

(ملفوظات جلد ششم ص57)

## غار حراء

حراء ایک پہاڑ کا نام ہے جس میں وہ غار واقع ہے جہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلی وحی ہوئی اس کا موجودہ نام جبل نور ہے۔

غار حراء مکہ سے منیٰ عرفات اور طائف جانے والے راستہ سے ہٹ کر شمال مشرق میں واقع ہے اور اس کا فاصلہ مکہ سے تین میل کے قریب ہے۔ غار کی لمبائی چار گز اور چوڑائی پونے دو گز ہے یہ نیچے کی جانب زیادہ گہرا نہیں ہے۔ بلکہ ایک مختصر راستے کے بازو میں اوپر کی چٹانوں کے باہم ملنے سے ایک غار کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ اس پہاڑ کے بالمقابل جبل ثبیر بھی ہے۔ اور یہ دونوں بالکل بے آب و گیاہ ہیں۔ اور چند خار دار جھاڑیوں کے سوا وہاں کچھ نہیں اگتا۔

حراء جبل ثبیر سے زیادہ بلند ہے اور اس کے اوپر ایک سیدھی ڈھلوان اور پھسلواں چوٹی ہے جس پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار بعض صحابہ کے ساتھ چڑھے تھے۔

اس غار تک پہنچنا بہت ہی مشکل اور دشوار گزار ہے

## خدا تیری کونچیں کاٹ دے گا

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔ کہ رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں مسیلمہ کذاب آیا اور کہنے لگا کہ اگر محمد ﷺ اپنے بعد مجھے حاکم مقرر کر دیں تو میں ان کا متبع ہو جاؤں اور اس وقت وہ اپنے ساتھ اپنی قوم میں سے ایک جماعت کثیر لایا تھا۔ رسول کریمؐ یہ بات سن کر اس کی طرف آئے اور ثابت ابن قیس ابن شماسؓ آپ کے ساتھ تھے اور رسول کریمؐ کے ہاتھ میں کھجور کی ایک شاخ کا ٹکڑا تھا۔ آپؐ آئے یہاں تک کہ مسیلمہ کے سامنے کھڑے ہو گئے اور وہ اپنے ساتھیوں میں بیٹھا تھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ اگر تو مجھ سے یہ شاخ بھی مانگے تو میں تجھے نہ دوں اور جو کچھ خدا نے تیرے لئے مقدر کیا ہے تو اس سے آگے نہیں بڑھے گا اور اگر تو پیٹھ پھیر کر چلا جائے گا تو اللہ تعالیٰ تیری کونچیں کاٹ دے گا اور میں تو تجھے وہی شخص پاتا ہوں جس کی نسبت مجھے وہ نظارہ دکھایا گیا تھا جو میں نے دیکھا اور یہ ثابتؓ ہیں میری طرف سے تجھے جواب دیں گے پھر آپؐ وہاں سے چلے گئے۔

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں میں نے پوچھا کہ یہ رسول اللہؐ نے کیا فرمایا ہے کہ میں تو تجھے وہی شخص پاتا ہوں جس کی نسبت وہ نظارہ دکھایا گیا تھا جو میں نے دیکھا اس پر مجھے حضرت ابو ہریرہؓ نے بتایا کہ رسول کریمؐ نے فرمایا تھا کہ ایک دفعہ میں سو رہا تھا کہ میں نے دیکھا میرے دونوں ہاتھوں میں دو کڑے ہیں جو سونے کے ہیں ان کا ہونا مجھے کچھ ناپسند سا معلوم ہوا اس پر مجھے خواب میں وحی نازل ہوئی کہ میں ان پر پھونکوں جب میں نے پھونکا تو وہ دونوں اڑ گئے۔ پس میں نے تعبیر کی کہ دو جھوٹے ہوں گے جو میرے بعد نکلیں گے ایک تو عنسی ہے اور دوسرا مسیلمہ۔

(بخاری کتاب المغازی باب وفد بنی حنیفہ)

## شرک سے نفرت

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

’’بت پرستوں کی عجیب عجیب حکایتیں ہیں۔ کہیں گرمی سے بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ خون نکلنے سے ہوش آیا تو اسی پتھر کو پوجنا شروع کر دیا کہ یہی ہوش میں لایا۔ میرے تین لڑکے مر چکے تھے۔ ایک ہندو دوست نے مجھے کہا کہ میرے باپ کی اولاد نہیں ہوتی تھی۔ دو پتے میری ماں کو کھلائے گئے۔ تب میں اور میرا بھائی ہوئے۔ یہ تجربہ شدہ بات ہے پس آپ بھی آزمایئے۔ جیسے دواؤں کو آزماتے ہیں۔ اگر آپ کو شریعت مانع ہو تو آپ کی طرف سے میں ترکٹھا دیوی کی منت کروں۔ میں نے کہا آپ تکلیف نہ کریں۔ دیوی نے آپ کے باپ کو آپ جیسا دائم المریض۔ آپ کے بھائی جیسا پاگل دیا۔ مجھے ایسی اولاد نہیں چاہئے۔ غرض بت پرستی میں عقل بالکل ماری جاتی ہے۔ بت پرست یہ نہیں سمجھتا کہ دنیا کی سب چیزیں میری خادم بنائی گئی ہیں اور پھر اپنے خادموں کو مخدوم بلکہ معبود بناتا ہوں۔‘‘

(حقائق الفرقان جلد دوم ص156)

## نماز فجر کی ادائیگی کی بے قراری

حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی نواسی محترمہ عائشہ نصرت جہاں کی گواہی:۔

’’جب ابا بیمار ہوئے تو اکثر میں رات کو ان کے پاس سویا کرتی تھی۔ رات کو متعدد بار مجھے بلایا کرتے اور پوچھتے کہ تم مجھے فجر کی نماز کے وقت جگا دو گی؟ میں ہر بار کہتی کہ ابا آپ فکر نہ کریں میں آپ کو ضرور جگا دوں گی تو پھر ابا کہتے کہ وعدہ خلافی بہت بڑا گناہ ہے۔ ایک مرتبہ انہوں نے رات کو مجھے آواز دی۔ میں گئی تو آپ نے مجھ سے پوچھا کہ تم نماز کے وقت مجھے جگا دو گی؟ میں نے کہا جی ابا میں آپ کو جگا دوں گی تو آپ نے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ اس پر میں نے کہا عائشہ۔ ابا نے کہا تم جانتی ہو کہ یہ نام کس کا تھا؟ تو میں نے کہا جی ابا میں جانتی ہوں۔ اس پر ابا نے کہا کہ حضور ﷺ کی سب سے عزیز حرم کا نام تھا عائشہ۔ اگر یہ نام کسی کا ہو اور وہ وعدہ خلافی کرے تو یہ کتنے بڑے گناہ کی بات ہے۔ یہ کہتے ہوئے ابا کی آنکھیں آبدیدہ ہو گئیں۔‘‘

(خالد دسمبر 1985ء ص131)

## قرض کی ادائیگی کا قصہ

حیات نور میں حضرت شیخ عبدالقادر صاحب سوداگر صفحہ 184 پر رقم فرماتے ہیں۔

محترم جناب ملک غلام فرید صاحب ایم۔اے فرمایا کرتے تھے کہ جتنا موقعہ مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی صحبت میں رہنے کا ملا ہے بہت کم لوگوں کو اتنا موقعہ ملا ہوگا۔ آپ نے بارہا اس قرض کی ادائیگی کا ذکر فرمایا لیکن یہ کبھی نہیں بتایا تھا کہ وہ قرض حضور نے کس طرح ادا فرمایا۔ حضور کا زمانہ گزر گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا زمانہ آیا۔ اس میں سے کافی عرصہ گزر گیا۔ میں نے جب قرآن مجید کی انگریزی تفسیر کی طباعت کے سلسلہ میں لاہور آنا شروع کیا تو ایک مرتبہ جناب ملک غلام محمد صاحب قصوری کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اس قرض کی ادائیگی کا ذکر چل پڑا۔ محترم ملک صاحب مرحوم نے فرمایا کہ حضرت مولوی صاحب جب سیاسی حالات کے ماتحت مہاراجہ جموں و کشمیر کی ملازمت سے الگ کئے گئے تو بعد میں حالات کے سدھرنے پر مہاراجہ صاحب کو خیال آیا کہ مولوی صاحب ایک بہت بڑے حاذق طبیب تھے ان کو ملازمت سے علیحدہ کرنے میں ہم سے ظلم اور ناانصافی ہوئی ہے انہیں واپس لانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ آپ سے جب عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا کہ اب میں ایسی جگہ پہنچ چکا ہوں کہ اگر مجھے ساری دنیا کی حکومت بھی مل جائے تو میں اس جگہ کو نہیں چھوڑ سکتا۔ چونکہ مہاراجہ صاحب کو اس ناانصافی کا شدت سے احساس تھا اس لئے انہوں نے اس کا ازالہ کرنے کی یہ تجویز کی کہ اب کی مرتبہ جنگلات کا ٹھیکہ صرف اسی شخص کو دیا جائے جو منافع کا نصف حصہ حضرت مولوی صاحب کو ادا کرے۔ چنانچہ اسی شرط کے ساتھ ٹنڈر طلب کئے گئے۔ جس شخص کو ٹھیکہ ملا اس نے جب سال کے بعد اپنے منافع کا حساب کیا تو خدا تعالیٰ کی حکمت کہ اسے ٹھیک تین لاکھ نوے ہزار روپیہ منافع ہوا جس کا نصف ایک لاکھ پچانوے ہزار بنتا تھا اور اسی قدر حضور کے ذمہ قرض تھا۔ چنانچہ جب یہ روپیہ حضور کی خدمت میں پیش کیا گیا تو حضور نے فرمایا یہ روپیہ ریاست میں واپس لے جا کر فلاں سیٹھ صاحب کو دے دیا جائے۔ ہم نے اس کا قرض دینا ہے دوسرے سال مہاراجہ نے پھر اسی شرط پر ٹھیکہ دیا لیکن اس سال جب منافع کا نصف روپیہ حضور کی خدمت میں پیش کیا گیا تو حضور نے لینے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ نہ اس کام میں میرا سرمایہ لگا نہ میں نے محنت کی میں اس کا منافع لوں تو کیوں لوں؟ ٹھیکہ دار نے کہا جناب! مجھے تو یہ ٹھیکہ ملا ہی اس شرط پر تھا۔ آپ ضرور اپنا حصہ لے لیں۔ ورنہ آئندہ مجھے ٹھیکہ نہیں ملے گا۔ حضور نے فرمایا اب خواہ کچھ ہی ہو میں یہ روپیہ نہیں لوں گا۔ اس نے کہا پھر پچھلے سال کیوں لیا تھا؟ فرمایا۔ وہ تو میرے رب نے اپنے وعدے کے مطابق میرا قرض اتارنا تھا۔ جب وہ اتر گیا تو اب میں کیوں لوں۔ اس پر وہ ٹھیکہ دار واپس چلا گیا۔

(مبشرین احمد جلد اول ص32)

# ملکی خبریں
ملکی ذرائع ابلاغ سے

**ربوہ میں طلوع وغروب**

☆ جمعرات 17-جنوری غروب آفتاب 5-31
☆ جمعہ 18-جنوری طلوع فجر 5-40
☆ جمعہ 18-جنوری طلوع آفتاب 7-06

## کولن پاول کے دورہ سے کشیدگی کم ہوگی

امریکی وزیر خارجہ کولن پاول کے دورہ پاکستان سے پاک بھارت کشیدگی میں کمی آ جائیگی اور دونوں ممالک مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کے لئے عملی اقدامات کرنے پر تیار ہو جائیں گے۔ دونوں ممالک کے تعلقات کو معمول پر لانے کے لئے کولن پاول اہم کردار ادا کریں گے۔ پاکستانی حکام سے ملاقاتوں میں پاک امریکہ اقتصادی و دفاعی تعاون پر بھی بات چیت ہوگی۔ پاکستان کو امید ہے کہ امریکہ بھارت کو کشمیر کے مسئلہ پر مذاکرات کے لئے آمادہ کرلے گا۔

## پاکستان مسئلہ کشمیر پر سفارتی کوششیں جاری رکھے گا کشمیر کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

صدر جنرل پرویز مشرف نے نو قائم کردہ کشمیر کمیٹی کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کشمیر کے اصولی موقف سے دستبردار نہیں ہوگا اور اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا نیز کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی امداد جاری رکھے گا اور اس مسئلہ کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کروانے کے لئے عالمی سطح پر اپنی کوششیں کرتا رہے گا۔ آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم و صدر سردار محمد عبدالقیوم خان کو کشمیر کمیٹی کا صدر بنایا گیا ہے جبکہ اس کے 22 ممبران کا اعلان کیا گیا ہے جو چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، شمالی علاقہ جات، بیرون ملک کشمیریوں نیز صحافیوں اور اقلیتی اراکین پر مشتمل ہیں۔ نمایاں ممبران میں عمران خان، جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال، مشاہد حسین، حمیدہ کھوڑو، اجمل خٹک، گوہر ایوب، ڈاکٹر محمود احمد غازی، ڈاکٹر عطیہ عنایت اللہ، نسیم زہرہ اور ایس کے ٹریسلر شامل ہیں۔

## شہید ملت سیکرٹریٹ اسلام آباد میں آتشزدگی

چائنہ چوک اسلام آباد میں واقع شہید ملت سیکرٹریٹ جہاں مختلف وفاقی وزارتوں کے دفاتر ہیں اس بلڈنگ میں منگل کی شام چھ بجے ہولناک آگ بھڑک اٹھی۔ آگ عمارت کی 16ویں منزل میں بھڑکی جس کی وجہ سے بہت سا ریکارڈ جل کر راکھ ہوگیا۔ فائر بریگیڈ کے ساتھ آرمی کے جوانوں نے بدھ کی صبح تک آگ پر قابو پا لیا اور صورتحال کنٹرول میں لے لی۔ عمارت کی طرف جانے والے تمام سڑکوں کو بند کر دیا گیا تھا۔ 16ویں منزل میں وزارت داخلہ کے دفاتر بھی ہیں۔ ابتدائی طور پر آگ کا سبب شارٹ سرکٹ بتایا گیا ہے۔ اونچی عمارت اور 16ویں منزل پر آگ لگنے کی وجہ سے فائر بریگیڈ کے عملہ کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

## سیشن کورٹ سیالکوٹ میں فائرنگ سات ہلاک

ضلع کچہری سیالکوٹ میں ایڈیشنل سیشن جج سیالکوٹ جواد الحسن کی عدالت میں دن گیارہ بجے سابقہ دشمنی کے نتیجہ میں ہونے والی فائرنگ سے سات افراد ہلاک ہوگئے۔ 4 ملزم موٹر سائیکلوں پر کچہری میں آئے۔ اور مخالف گروپ پر فائرنگ کر کے 4 مخالف ہلاک کر دیئے۔ پولیس کی جوابی فائرنگ سے 2 حملہ آور اور ایک پولیس کانسٹیبل ہلاک ہوگیا۔ ملزموں نے فرار ہوتے ہوئے پولیس پر ہینڈ گرنیڈ پھینکے تب پولیس مقابلہ ہوا جس سے دو حملہ آور اور ایک پولیس اہلکار ہلاک ہوا۔

## پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ

آئل کمپنیز ایڈوائزری کمیٹی نے پٹرول اور اس کی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان کیا ہے۔ جس کی وجہ عالمی منڈی میں قیمتوں کا چڑھنا ہے۔ پٹرول میں 20 پیسے ڈیزل میں 64 پیسے اور مٹی کے تیل میں 50 پیسے اضافہ کیا گیا ہے۔

## پاک چائنہ دفاعی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

چین اور پاکستان نے دفاع کے شعبہ میں مسلسل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ پاکستان کے وفد جس کی قیادت چیئرمین جائنٹ چیف آف آرمی سٹاف کمیٹی جنرل محمد عزیز کر رہے ہیں نے چینی حکام سے مذاکرات کئے ہیں۔ اور چائنہ کے چیف آف جنرل سٹاف سے ملاقات کے درمیان باہمی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

## کالعدم تنظیموں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

حکومت کی طرف سے جہادی اور مذہبی تنظیموں پر پابندی کے فیصلہ کے بعد کالعدم تنظیموں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے اور مزید 174 افراد کو گرفتار اور ان کے 70 دفاتر کو سیل کیا گیا۔ گجرات، ڈیرہ غازی خان، نارووال، شکر گڑھ، شجاع آباد، وزیر آباد، کوئٹہ، جوہر آباد سے زیادہ تر گرفتاریاں ہوئیں۔ جمعیت علماء اسلام کے لیڈر عبدالغفور حیدری اور عبدالحق بلوچ کو گرفتاری کے بعد سنٹرل جیل کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔

## کالعدم تنظیموں کے حق میں بیان بازی اور جلسہ جلوس پر پابندی

وفاقی حکومت نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف کی طرف سے کالعدم قرار دی جانے والی پانچ مذہبی جماعتوں و تنظیموں پر پابندی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پانچوں کالعدم تنظیمیں اپنے اکاؤنٹس، آمدنی اور اخراجات کی رپورٹ حکومت کے مقرر کردہ حکام کو پیش کرے گی۔ ملک بھر میں دفاتر بند اور اکاؤنٹس منجمد ہونگے۔ لٹریچر، پوسٹرز اور بینرز قبضہ میں لے جائیں گے۔ یہ نوٹیفکیشن انسداد دہشت گردی کے ایکٹ مجریہ 1997ء کے سب سیکشن ون کے IIE,IIB کے تحت جاری کیا گیا ہے۔ کالعدم جماعتوں کی طرف سے کسی بھی قسم کی پبلیکیشن، پرنٹنگ پر پابندی سمیت پریس بیانات، پریس کانفرنس اور عوامی اجتماعات میں تقریر کرنا ممنوع ہے۔ کوئی دوسری تنظیم یا گروپ ایسی تنظیموں کے حق میں بیانات یا جلسہ جلوس نہیں کر سکیں گی۔


**سرکن اور اپھارہ**

کے علاوہ حیوانات کی دیگر امراض کے لئے علاج، ادویات اور لٹریچر دستیاب ہے
کیوریٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل گولبازار ربوہ
فون آفس 213156 فون کلینک 771
فون سیلز 211047

ہاضمے کا لذیذ چورن
**تریاق معدہ**
پیٹ درد، بدہضمی، اپھارہ کے لئے کھانا ہضم کرتا ہے۔ ہر وقت گھر میں رکھنے والی دوا
(رجسٹرڈ)
تیار کردہ: ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ
Ph:04524-212434 Fax:213966

**"آسامیاں خالی ہیں"**
1- کمپیوٹر آپریٹر + اکاؤنٹنٹ
2- سیلزمین جو ڈرائیونگ جانتے ہوں تعلیم کم از کم میٹرک
انٹرویو کیلئے مورخہ 21 جنوری 2002ء کو 11 بجے تشریف لائیں۔
پتہ برائے رابطہ **میاں بھائی پٹہ کمانی فیکٹری**
گلی نمبر 5 نزد الفرح مارکیٹ کوٹ شہاب دین جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور فون 7932514-16

For Genuine TOYOTA Parts
**AL-FURQAN**
MOTORS PVT LIMITED
Ph: 021- 7724606 7724607, 7724609
47- Tibet Centre M.A. Jinnah Road, KARACHI



TOYOTA, DAIHATSU
ٹویوٹا گاڑیوں کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات درج ذیل پتہ پر حاصل کریں
**الفرقان موٹرز لمیٹڈ**
فون نمبر 021- 7724606 7724607 7724609
47- تبت سنٹر ایم اے جناح روڈ کراچی نمبر 3


روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل-61